
پولوگراؤنڈ پارک کی ازسرنو تعمیر کا سنگ بنیاد



گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان پولوگراؤنڈ پارک کی ازسرِ نو تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں۔ اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت اور ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید بھی موجود ہیں

گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے شہر کے تاریخی پارک پولوگراؤنڈ کی زبوں حالی کو دیکھتے ہوئے اس پارک کی ازسرنو تعمیر کی ہدایت جاری کیں تا کہ اس پارک کی تزئین آرائش کے بعد شہری دوبارہ اس پارک میں تفریحی سہولیات سے استفادہ کر سکیں۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے 24 ستمبر 2012ء کو ایک سادہ اور پروقار تقریب میں پولوگراؤنڈ کی ازسرنو تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ ممبر قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت، ممبر صوبائی اسمبلی مقیم عالم، ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید، میٹروپولیٹن کمشنر متانت علی خان، ڈائریکٹر جنرل پارکس نیاز احمد سومرو، ڈائریکٹر میڈیا مینجمنٹ علی حسن ساجد اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سنگ بنیاد رکھنے کے بعد گورنر سندھ نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ 150 ملین روپے کی لاگت سے پولوگراؤنڈ پارک کو ازسرنو تعمیر کیا جائے گا جس میں جدید میوزیکل فاؤنٹین، جاگنگ ٹریک، نماز عید کے لئے جگہ سمیت دیگر تفریحی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد سے ہی اس جگہ کو عیدگاہ کی حیثیت سے تاریخی اہمیت حاصل ہے اور اب بھی یہاں ہر سال نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع منعقد ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے وسط میں ہونے کی وجہ سے یہ ایک انتہائی اہم پارک ہے جو مسلسل استعمال میں رہنے اور ترقیاتی کام نہ ہونے کے باعث اپنی کشش کھو بیٹھا تھا اب اسے جدید طرز تعمیر کے مطابق اور موجودہ ضروریات کے پیش نظر تعمیر کیا جا رہا ہے اس پارک میں میوزیکل فاؤنٹین، جوگنگ ٹریک، گھاس کے بڑے بڑے قطعات، مختلف اقسام کے درخت اور پھولوں کی کیاریاں بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ 120 ایکڑ رقبے پر مشتمل یہ وسیع و عریض پارک اگلے 4 سے 6 ماہ میں مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بارہ دری کی تعمیر مکمل کی گئی ہے اور شہریوں کی سہولت کے لئے بارہ دری کار پارکنگ بنائی گئی ہے جہاں بیک وقت 600 سے زائد گاڑیاں پارک ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ علاقہ انتہائی گنجان ہے اس کے نزدیک فائیو اسٹار ہوٹلوں کے ساتھ ساتھ بڑے بڑے دفاتر بھی موجود ہیں جس کے باعث لوگ سڑکوں پر اپنی گاڑیاں پارک کیا کرتے تھے تاہم بارہ دری پارکنگ بننے کے بعد کافی حد تک یہاں گاڑیوں کی پارکنگ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے مختلف بلدیاتی اداروں کے مالی مسائل کو ایک سے دو روز میں حل کیا جائے گا تا کہ شہر میں جاری ترقیاتی کام اور صفائی ستھرائی کا عمل جاری رہ سکے۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید نے اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس پارک کو ایک طویل مدت کے بعد دوبارہ تعمیر کیا جا رہا ہے اور اس کی تعمیر میں اس بات کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ شہریوں کو یہاں پہلے سے زیادہ بہتر اور جدید سہولیات میسر آئیں تا کہ شہری اپنے فیملی ممبران کے ہمراہ اس پارک میں اپنا کچھ وقت گزار سکیں انہوں نے بتایا کہ پارک کی تعمیر کا کام 24 گھنٹے جاری رہے گا اور پارک کی تعمیر میں جو میٹریل استعمال کیا جائے گا اس کے معیار کو بین الاقوامی اصولوں کے مطابق پرکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک تاریخی مقام ہے جہاں دنیا کی اہم اور معروف شخصیات کو شہری استقبالئے دیئے گئے انتہائی اہم اور پرسکون جگہ ہونے کے باعث شہریوں کی ایک بڑی تعداد شام گئے اس پارک کا رخ کرتی ہے پارک کے وسط میں تین کروڑ روپے کی لاگت سے میوزیکل فاؤنٹین (فوارہ) لگایا جا رہا ہے جو موسیقی، روشنی اور پانی کا حسین امتزاج ہوگا اور شہریوں کی ایک بڑی تعداد اس کی سحر انگیزی سے لطف اندوز ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پارک کی ڈیزائننگ میں اس جگہ کی تاریخی اہمیت کو پیش نظر رکھا گیا ہے جبکہ پارک میں داخلے کے لئے تاریخی اہمیت کا حامل ایک بڑا گیٹ بھی تعمیر کیا جائے گا جو پاکستان اور چین کے طرز تعمیر سے ہم آہنگ ہوگا اور پارک کی بیرونی دیوار اور جالی بھی اسی طرز تعمیر کے مطابق بنائی جائے گی۔



گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان پولوگراؤنڈ پارک کی ازسرِ نو تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں